## سوال

(103) نماز میں سورتوں کی ترتیب ضروری ہے یا نہیں ۔

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید کہتا ہے کہ قرآن مجید، نماز میں جہاں سے جی چاہے پڑھ سکتا ہے اور بکر کا دعویٰ ہے کہ قرآن مجید ترتیب وار پڑھے، سورتوں کو موجود ترتیب سے آگے پیچھے کرکے نہ پڑھے اگر سورتیں آگے پیچھے پڑھی جائیں تو مکروہ ہے اور سجدئہ سہوہ لازم ہوجاتا ہے ۔ اور زید کہتا ہے نماز تراویح ہویا کوئی اور نماز اس میں قرآن مجید کی سورتیں آگے پیچھے کرکے پڑھ سکتا ہے ۔ عرض ہے کہ آپ ان دونوں کا تصفیہ ازروئے کتاب وسنت فرمائیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بخاری شریف میں باب باندھا ہے کہ سورتوں کی موجود ترتیب سے آگے پڑھ سکتا ہے ۔ ہاں حنفیہ کہتے ہیں آگے پیچھے پڑھنے سے سجدہ سہو پڑجائے گا ۔ مگر ثبوت نہیں ۔

**فتاویٰ علمائے حدیث**

**جلد2 ص98**